# پری فزیبلیٹی تحقیق

(آئس پلانٹ "30 ٹن")

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk


جون 2015


ریجنل آفس پنجاب

بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: 111-111-456 (042)

فیکس نمبر: 7-36304926(0423)

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

ریجنل آفس سندھ

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: 111-111-456 (021)

فیکس نمبر: 35610572 (021)

helpdesk-khi@smeda.org.pk

ریجنل آفس خیبر پختونخوا

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون: 9213046-47 (091)

فیکس نمبر: 286908 (091)

helpdesk-pew@smeda.org.pk

ریجنل آفس بلوچستان

بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)

فیکس نمبر: 2831922 (081)

helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 4 | پیداواری گردش عمل | 5.1 |
| 5 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 5 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 5 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 6 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 6 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 6 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 7 | درکار زمین | 9.4 |
| 8 | درکار مشینری اور آلات | 9.5 |
| 9 | درکار فرنیچر اور فکسچرز | 9.6 |
| 9 | درکار دفتری آلات | 9.7 |
| 10 | درکار افرادی قوت | 9.8 |
| 10 | دیگر لاگتیں | 9.9 |
| 10 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.10 |
| 11 | ماہرین و مشیران | 10 |
| 11 | کارآمد روابط | 11 |
| 12 | ضمیمہ جات | 12 |
| 12 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 13 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 14 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 15 | کلیدی مفروضے | 13 |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**دستاویز**

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 71 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ تیاری | جون 2015ء |
| **مزید معلومات** | **پراونشل چیف پنجاب**<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

یہ پری فزیبلٹی تحقیق برف کے بلاک تیار کرنے کی سہولت جس میں صرف 150 کلوگرام کے بلاک (30 ٹن) شامل ہیں کو قائم کرنے کے لئے ہے۔ کاروبار کی توجہ کا مرکز معیاری برف مناسب قیمتوں پر تیار کرنا ہوگا۔ برف کا استعمال موسم کے حساب سے مختلف ہوتا ہے جیسا کہ اس کی طلب وسط اپریل سے وسط ستمبر تک عروج پر ہوتی ہے اور پھر مزید دو ماہ کے لئے سردیوں سے قبل اور بعد میں معتدل رہتی ہے (یعنی نومبر تا فروری)

تاہم اہم شہروں میں اس کی طلب مکمل طور پر ختم نہیں ہوتی اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا استعمال بوتیکس، ایونٹ مینجمنٹ کمپلیکس اور ریسٹورنٹس میں جاری رہتا ہے۔ یہ موسمی رجحان اور طلب کی سطح جغرافیائی لوکیشن کی بنیاد پر بھی نمایاں طور پر تبدیل ہوتی ہے۔ جیسا کہ پاکستان کے پس منظر میں جنوب، اندرون سندھ اور بالائی پنجاب کے کچھ حصوں میں موسم گرما زیادہ طویل ہوتا ہے، جبکہ ساحلی پٹی کے اردگرد موسم معتدل رہتا ہے۔ اس کے مطابق مجوزہ آئس پلانٹ کے لئے موزوں ترین لوکیشن جغرافیائی لحاظ سے گرم موسم والے اہم شہروں کے مضافات ہیں۔ یونٹ کی کل عملی استعداد 30 ٹن کے 200 برف کے بلاک (150 کلوگرام فی بلاک) 12 گھنٹے کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر تیار کرنا ہوگی۔ عمل کے پہلے سال کے دوران پلانٹ 75 فیصد صلاحیت کے ساتھ 51,750 برف کے بلاک تیار کرے گا۔ تجویز کردہ آئس پلانٹ کی کامیابی کیلئے لوکیشن، بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور مناسب مشینری کا انتخاب اہم عناصر ہیں۔

تجویز کردہ آئس پلانٹ کی کل لاگت کا تخمینہ 18.43 ملین روپے ہے جس میں 17.88 ملین مستقل لاگت اور 0.55 ملین گردشی سرمایہ ہے۔ منصوبہ 50 فیصد قرض اور 50 فیصد ذاتی سرمائے سے شروع کیا جائے گا۔ منصوبے کی موجودہ قدر حاصل 12.28 ملین روپے، اندرونی شرح منافع 31 فیصد اور کل مدت واپسی 4.08 سال ہے۔ پراجیکٹ 7 افراد بشمول مالک/ منیجر کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ اس کاروبار کی قانونی حیثیت فرد واحد تجویز کی گئی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیر نظر دستاویز میں آئس پلانٹ قائم کرنے والوں کیلئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔ کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

پاکستان کے اکثر علاقوں میں موسم گرما کا دورانیہ طویل ہوتا ہے جس کی وجہ سے برف کی طلب سال میں 8 ماہ تک زیادہ ہوتی ہے۔ اس پراجیکٹ کا تعلق 30 ٹن برف کے بلاک تیار کرنے والے کارخانے کے متعلق ہے جو گھریلو صارفین، خریدار ادارے جیسا کہ ہوٹلز، ریستوران، سکولز، بیکریز، ڈیری، مچھلی فروش اور دیگر کی ضرورت کو پورا کرے گا۔ برف کا استعمال موسم کے حساب سے مختلف ہوتا ہے جیسا کہ اس کی طلب وسط اپریل سے وسط ستمبر تک عروج پر ہوتی ہے اور پھر مزید دو ماہ کے لئے سردیوں سے قبل اور بعد میں معتدل رہتی ہے (یعنی نومبر تا فروری)۔ تاہم بڑے شہروں میں خریدار اداروں (ڈیری، بیکری، ہوٹل وغیرہ) کی زیادہ مقدار میں خریداری کی وجہ سے اس کی کھپت مکمل طور پر ختم نہیں ہوتی۔

آئس پلانٹ کی پیداواری سہولت بنیادی طور پر کمپریسرز، کنڈنسر، واٹر ٹینک، برائن اجیٹیٹر، امونیا کی متوازی فراہمی کیلئے سنچایک، کرین، ٹرالی، آئل سپیریٹر اور الیکٹرک موٹرز پر مشتمل ہوتی ہے۔ تمام درکار مشینری مقامی طور پر تیار ہوتی ہے اور مقامی مشینری سپلائرز سے باآسانی حاصل کی جا سکتی ہے۔ مقامی مشینری معقول قیمت پر مارکیٹ میں دستیاب ہے۔ مقامی بنی ہوئی مشینری استعمال کرنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کے سپیئر پارٹس دستیاب ہیں اور ان مشینوں پر کام کرنے والے آپریٹرز بھی آسانی سے مل جاتے ہیں۔

مجوزہ پلانٹ کی پیداواری صلاحیت 30 ٹن برف کے 200 بلاک روزانہ ہوگی۔ پلانٹ شدید گرمی کے موسم میں 12 گھنٹے روزانہ کام کرے گا۔ یہ منصوبہ 7 افراد بشمول مالک/ منیجر کو براہ راست روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ برف کے بلاک فروخت کرنے کے لئے یہ صلاح دی جاتی ہے کہ گاہکوں کی صورت میں ڈیلروں کے ساتھ روابط قائم کئے جائیں جو روزانہ کی بنیاد پر برف کے بلاک خریدیں گے اور خریدے جانے والے برف کے بلاکوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیلر کیش کی صورت میں گارنٹی فراہم کریں گے۔ اگر ڈیلر کسی روز طے کردہ بلاک نہیں اٹھائے گا تو ان بلاکوں کی رقم اس کی سکیورٹی میں سے کاٹ لی جائے گی۔

## 5.1۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

دھات کے بنے ہوئے ڈبے پانی سے بھرے جاتے ہیں اور انہیں تالاب میں ڈبویا جاتا ہے۔ عام طور پر بلاک کے طول و عرض اور درجہ حرارت کو 12 گھنٹے بعد پیداوار حاصل کرنے کیلئے سیٹ کیا جاتا ہے اور برف جمے ہوئے بلاک کو خالی کر کے ایک ترتیب کے ساتھ اس اثناء میں دوبارہ بھر دیا جاتا ہے۔ برف کے بلاک کا وزن ضرورت کے مطابق 12 سے 150 کلوگرام ہوگا۔ 150 کلوگرام بلاک کا سب سے بڑا سائز تصور کیا جاتا ہے جس کی نقل و حرکت ایک شخص آسانی سے کر سکتا ہے۔ آئس پلانٹ کیلئے مسلسل توجہ درکار رہے اور اس میں بہت سے کام کرنے والوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

**پروڈکشن پراسس فلو**

سٹیل شیٹ آئس کنٹینرز کی صفائی
Cleaing of Steel Sheet Ice Containers

↓

کنٹینرز کو این اے سی ایل والے پانی کے ٹینک میں رکھنا
Placing of Containers in Water Tank Containing NaCl

↓

کنٹینرز کو این اے سی ایل ٹینک میں سیدھا رکھ کر پانی سے بھرنا
Pouring of Water in Ice Containers while Verticle Floating in NaCl Tank

↓

ٹمپریچر کو مطلوبہ سطح تک کم کرنا
Reducing Temparature to Desired Level (i.e.-17c-20c)

↓

پانی کا برف میں تبدیل ہونے کا انتظار کرنا
Waiting for Freezing of Water in to Ice

↓

آئس بلاک کو کنٹینرز سے باہر نکالنا
Extracting of Ice Blocks from Containers

↓

ہک کے ذریعے بلاک کی نقل و حرکت
Movement of Ice Blocks by Hooks

↓

آئس بلاک کی ڈیلیوری
Delivery of Ice Blocks

## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

آئس پلانٹ کے کاروبار کی ابتدائی اور عملی استعداد کا انحصار نصب کی جانے والی مشینری پر ہے۔ اس پری فزیبلٹی تحقیق کی بنیاد 30 ٹن پیداوار دینے والے آئس پلانٹ کی مشینری پر ہے۔

تجویز کردہ یونٹ سال میں 345 قابل عمل دنوں کی بنیاد پر کام کرے گا۔ یونٹ کی کل صلاحیت 12 گھنٹے کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر برف کے 200 بلاک (150 کلوگرام فی بلاک/ 30 ٹن) تیار کرنا ہوگی۔ پہلے سال میں یونٹ 75 فیصد استعداد کے ساتھ 51,750 بلاک تیار کرے گا۔ اگلے سالوں میں استعمال استعداد میں شرح اضافہ 5 فیصد تصور کیا گیا ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 90 فیصد عمل کے چوتھے سال حاصل کر لی جائے گی۔

یہ پیداواری صلاحیت کا تخمینہ معاشی طور پر قابل عمل ہے اور منصوبے کی مستقل لاگت اور عملی اخراجات کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ پراڈکٹ مکس کے مطابق ابتدائی اور عملی استعداد کی تفصیل ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہے:

جدول نمبر 1: آئس پلانٹ کی عملی استعداد

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| آئس پلانٹ کی کل استعداد (برف کے بلاک روزانہ) | 200 |
| قابل عمل استعداد (پہلے سال) | 75 فیصد |
| ایک سال میں بلاک کی پیداوار | 51,750 |
| زیادہ سے زیادہ عملی استعداد | 90 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ عملی استعداد کا حصول (سال) | 4 |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

کاروبار کی کامیابی کیلئے نہایت اہم ترجیحات یا عناصر مندرجہ ذیل ہیں:

☆...... یہ اہم ہے کہ مناسب فریزنگ ٹائم کے ذریعے ٹھوس برف کے بلاک تیار کیے جائیں کیونکہ ٹھوس برف کے بلاک وزن میں زیادہ بھاری اور زیادہ شفاف ہوتے ہیں اور مارکیٹ میں زیادہ قیمت فراہم کرتے ہیں۔

☆...... کسی بھی کاروبار کی کامیابی کیلئے اہم ترین پہلو اس کی پیداواری لاگت کو کم سے کم رکھنا ہوتا ہے۔ آئس پلانٹ اس چیز کو ملازمین کی صحیح تربیت کے ذریعے حاصل کر سکتا ہے جو کہ خام مال کے ضیاع میں کمی اور مشینری کی بہتر دیکھ بھال کو یقینی بناتے ہیں۔

☆...... موسم اہم کردار ادا کرتا ہے۔ موسمی نوعیت کا کاروبار ہونے کی وجہ سے گرمیوں میں برف کی طلب بڑھ جاتی ہے جبکہ ستمبر کے وسط کے بعد موسم میں تبدیلی کی وجہ سے طلب میں کمی آجاتی ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ سرمایہ کار کو برف کی طلب کے مطابق پیداوار میں کمی کرنی چاہیے۔

☆...... برف کے بلاکوں کی فروخت کیلئے ریٹیلرز اور ہول سیلرز کے ساتھ مضبوط روابط۔

☆...... معیاری پیداوار حاصل کرنے کیلئے ہنرمند افرادی قوت کی تعیناتی۔

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

موسم کے لحاظ سے برف کا استعمال اور طلب کی سطح میں نمایاں تبدیلی جغرافیائی لوکیشن کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ جیسا کہ پاکستان کے پس منظر میں جنوب، اندرون سندھ اور بالائی پنجاب کے کچھ حصوں میں موسم گرما زیادہ طویل ہوتا ہے، جبکہ ساحلی پٹی کے اردگرد موسم معتدل رہتا ہے۔ اس کے مطابق مجوزہ آئس پلانٹ کے لئے موزوں ترین لوکیشن جغرافیائی لحاظ سے گرم موسم والے اہم شہروں کے مضافات ہیں۔

یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آئس پلانٹ شہروں کے نزدیک قائم کیا جانا چاہیے تاکہ برف کے بلاکوں تک ڈیلر اور خریدار اداروں کو آسان رسائی حاصل ہو۔ خام مال اور افرادی قوت ان شہروں میں آسانی سے دستیاب ہے۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

مجموعی طور پر برف کے بلاکوں کی فی الحال اچھی مانگ موجود ہے۔ برف کے بلاک کیلئے ممکنہ گاہکوں کو دو درجوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ سب سے پہلے گھریلو استعمال کیلئے جیسا کہ لوگ دیہاتوں اور شہروں کے مضافات میں رہتے ہیں جہاں لوگوں کی قوت خرید کم ہونے کی وجہ سے ریفریجریٹر کی سہولت مشکل سے میسر ہے۔ دوسری قسم میں خریدار ادارے ہیں جو بھاری مقدار میں برف خریدتے ہیں جیسا کہ سرکاری ادارے، فیکٹریاں، ہوٹلز، ریسٹورنٹ، بیکریاں، مچھلی فروش، ڈیری پلانٹس وغیرہ۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

### 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد و شمار کا حساب پہلے سال میں 51,750 برف کے بلاکوں کی ممکنہ سیلز کیلئے کیا گیا ہے۔ پہلے سال میں استعمال استعداد 75 فیصد فرض کی گئی ہے اور اگلے سالوں میں 5 فیصد اضافہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ استعداد 90 فیصد ہوگی۔

مندرجہ ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع (IRR)، کل مدت واپسی (Payback Period) اور موجودہ قدر حاصل (NPV) کی تفصیل فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 31 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 4.08 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 12,280,967 روپے |

### 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 9,213,299 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 9,213,299 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) | 14 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

تجویز کردہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل جدول میں درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 8,868,000 |
| بلڈنگ/ انفراسٹرکچر | 4,555,500 |
| زمین | 2,000,000 |
| فرنیچر اور فکسچر | 117,000 |
| دفتری آلات | 100,000 |
| قبل از پیداوار لاگت | 2,224,955 |
| ٹریننگ کاسٹ | 14,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **17,879,455** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| آلات کے سپیئر پارٹس کی انوینٹری | 43,125 |
| خام مال انوینٹری | 104,018 |
| نقد | 400,000 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **547,143** |
| **کل لاگت کاروبار** | **18,426,597** |

## 9.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

30 ٹن پیداوار دینے والے مجوزہ آئس پلانٹ کیلئے تقریباً 4,500 مربع فٹ (1 کنال) زمین درکار ہوگی۔ جس میں درکار زمین کا تخمینہ انفراسٹرکچر کی سہولیات، مینجمنٹ آفس، پروڈکشن ہال، کھلی جگہ اور دیگر کو مدنظر رکھ کر لگایا گیا ہے۔

یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ منصوبہ کیلئے ذاتی زمین حاصل کی جائے گی کیونکہ ہیوی مشینری اور تنصیب کی لاگت زیادہ ہونے کی وجہ سے منصوبہ کرایہ کی جگہ پر شروع کرنا مشکل ہوگا۔ کسی بھی اہم شہر کے نزدیک 1 کنال زمین حاصل کرنے کا تخمینہ 2 ملین روپے لگایا گیا ہے۔ درکار تعمیراتی کام کی متوقع لاگت کی تفصیلات ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہیں:

**جدول نمبر 5: درکار زمین**

| مندرجات | زمین کا تخمینہ (مربع فٹ) | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت فی یونٹ (روپے) |
|---|---|---|---|
| مینجمنٹ آفس | 150 | 1,500 | 225,000 |
| پروڈکشن ہال | 3,750 | 1,150 | 4,312,500 |
| کھلی جگہ | 600 | 30 | 18,000 |
| **ٹوٹل** | | | **4,555,500** |

## 9.5 ۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

تجویز کردہ منصوبہ کیلئے درکار پلانٹ، مشینری اور آلات کی تفصیل ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 6: درکار مشینری اور آلات**

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| امونیا کمپریسر (7×7) ڈرائیون ویل | 2 | 450,000 | 900,000 |
| امونیا کنڈنسر ایٹوسفیئر "2 پائپ 1,200 فٹ کے ساتھ | 12 | 110,000 | 1,320,000 |
| الیکٹرک موٹر RFM 1450 چائنہ | 2 | 150,000 | 300,000 |
| برائن ٹینک فار 480 آئس کینز و 4mm | 2 | 370,000 | 740,000 |
| برائن ایجیٹیٹر "18 فین میٹل | 2 | 30,000 | 60,000 |
| متواتر امونیا کی سپلائی کیلئے ایکومیولیٹر | 2 | 36,000 | 72,000 |
| کرین اور ٹرالی، ریلینگ چینل اور گرائیڈر کے ساتھ | 2 | 110,000 | 220,000 |
| کولنگ کوائل وی ٹائپ "4 پائپ اینڈ 3000 فٹ پائپ "4 (ٹویوٹا پٹہ) | 2 | 400,000 | 800,000 |
| آئل سپریٹر بفر ٹائپ | 2 | 31,000 | 62,000 |
| آئس کینز اور ٹینک کور کیلئے لکڑی کا کام | 480 | 1,800 | 864,000 |
| 1.5mm برٹش گیج کے آئس کین | 480 | 3,500 | 1,680,000 |
| ریسیور فٹنگز بمعہ آل سیفٹی میٹر امونیا انسپکشن | 1 | 150,000 | 150,000 |
| بلور نمبر 59 مکمل ٹینگ کے ساتھ | 2 | 70,000 | 140,000 |
| الیکٹرک موٹر "7.5 | 4 | 15,000 | 60,000 |
| سوئچ گنز سٹارٹرز اینڈ سوئچ بورڈ لوکل کیبل کے ساتھ | 2 | 100,000 | 200,000 |
| سینٹری فیوگل پمپ "3×"2.5 | 2 | 50,000 | 100,000 |
| اریکشن چارجز آف پلانٹ | 1 | 300,000 | 300,000 |
| جنرل فٹنگز فار کمپلیٹ پلانٹ | 1 | 400,000 | 400,000 |
| جنریٹر 50 کے وی اے | 1 | 500,000 | 500,000 |
| **ٹوٹل** | | | **8,868,000** |

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچرز (FURNITURE AND FIXTURE REQUIREMENT)

درکار فرنیچر اور فکسچرز کی تفصیل درج ذیل جدول میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 7:** درکار فرنیچر اور فکسچرز

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| ایگزیکٹو ٹیبل اینڈ چیئر | 1 | 25,000 | 25,000 |
| صوفہ | 1 | 18,000 | 18,000 |
| کرسیاں(Chairs) | 5 | 2,000 | 10,000 |
| پنکھے، لائٹ اور الیکٹرک وائرنگ | 1 | 50,000 | 50,000 |
| آگ بجھانے والا آلہ | 5 | 2,800 | 14,000 |
| **ٹوٹل** | | | **117,000** |

## 9.7۔ درکار دفتری آلات (OFFICE EQUIPMENT REQUIREMENT)

برف خانہ کیلئے درکار دفتری آلات کی تفصیل ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 8:** درکار دفتری آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت (فی یونٹ) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| لیپ ٹاپ | 1 | 50,000 | 50,000 |
| یو پی ایس | 1 | 30,000 | 30,000 |
| پرنٹر(HP Laser Black 1102) | 1 | 10,000 | 10,000 |
| الماری (فائلیں رکھنے کیلئے) | 1 | 8,000 | 8,000 |
| کیلکولیٹر | 1 | 1,000 | 1,000 |
| ٹیلی فون سیٹ | 1 | 1,000 | 1,000 |
| **ٹوٹل** | | | **100,000** |

## 9.8۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

یونٹ کو با آسانی چلانے کیلئے درکار افرادی قوت کی تفصیلات ملازمین کی تعداد اور ماہانہ تنخواہ کے ساتھ ذیل میں فراہم کی گئی ہے:

جدول نمبر 9: درکار افرادی قوت

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/منیجر | 1 | 40,000 |
| فورمین | 1 | 20,000 |
| مشین آپریٹر | 1 | 15,000 |
| لیبر | 3 | 12,000 |
| واچ مین | 1 | 12,000 |

## 9.9۔ دیگر لاگتیں

اس کاروبار میں برداشت کی جانے والی اہم ترین لاگت بجلی اور گیس کی قیمت ہے۔ بجلی کے براہ راست اخراجات تقریباً 919,421 روپے ماہانہ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ مزید برآں تشہیری اخراجات کا تخمینہ جو کہ آئس پلانٹ کی مارکیٹنگ کے لئے اہم ہوگا کل آمدنی کا 5 فیصد لگایا گیا ہے۔

## 9.10۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول میں عمل کے پہلے سال میں 75 فیصد پیداواری صلاحیت کی بنیاد پر متوقع آمدنی کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں:

جدول نمبر 10: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)

| مندرجات | اوسط پیداوار فیصد | کل تعداد (برف کے بلاک) | بلاک کی قیمت فروخت (روپے) | پہلے سال پیداوار 75 فیصد | آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| برف کے بلاک (اے گریڈ) | 80 | 55,200 | 400 | 41,400 | |
| برف کے بلاک (بی گریڈ) | 20 | 13,800 | 300 | 10,350 | |
| **کل** | | | | | **19,665,000** |

## 10۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS)

مجوزہ منصوبہ کے متعلق پرائیویٹ سیکٹر میں خدمات فراہم کرنے والوں سے روابط کیلئے تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

### 10.1۔ مشینری کے سپلائرز

| سپلائرز کا نام | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| ایم اے جاوید انجینئرنگ ورکس | ساؤتھ گیٹ سرائے سلطان، بازارالحدید، شاپ نمبر85-84 برانڈرتھ روڈ، لاہور | |
| یونیک امونیا کمپریشر | مسٹر ذیشان، حسین ڈیزلز فیروز پور ٹ132 جی ٹی روڈ باغبانپورہ، لاہور | 042- 36862852<br>0300-4575257<br>0333-4438904 |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہائیر ایجوکیشن | http://moptt.gov.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| گورنمنٹ آف بلوچستان | www.balochistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف گلگت بلتستان | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر | wwwlajk.gov.pk |
| ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) | www.tdap.gov.pk |
| سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) | www.secp.gov.pk |
| فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) | www.fpcci.com.pk |
| سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) | www.sbp.org.pk |
| پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.psic.gop.pk |
| سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.ssic.gos.pk |
| پاکستان ہارٹیکلچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی (پی ایچ ڈی ای سی) | www.phdec.org.pk |
| پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) | www.pvtc.gop.pk |
| ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹی ای وی ٹی اے) | www.tevta.org |
| پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ (پی آئی ای) | www.pie.com.pk |
| فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) | www.fiedmc.com.pk |

## 12 ۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

### 12.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 19,665,000 | 23,073,600 | 26,967,270 | 31,408,938 | 34,549,832 | 38,004,815 | 41,805,296 | 45,985,826 | 50,584,409 | 55,642,850 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Raw Material Cost | 2,496,420 | 2,929,133 | 3,423,424 | 3,987,282 | 4,386,010 | 4,824,611 | 5,307,072 | 5,837,780 | 6,421,558 | 7,063,713 |
| Operation costs 1 (direct labor) | 852,000 | 937,200 | 1,030,920 | 1,134,012 | 1,247,413 | 1,372,155 | 1,509,370 | 1,660,307 | 1,826,338 | 2,008,971 |
| Operating costs 2 (machinery maintenance) | 517,500 | 607,200 | 709,665 | 826,551 | 909,206 | 1,000,127 | 1,100,139 | 1,210,153 | 1,331,169 | 1,464,286 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 11,033,057 | 11,775,782 | 12,520,662 | 13,267,915 | 13,296,615 | 13,328,184 | 13,362,911 | 13,401,110 | 13,443,130 | 13,489,351 |
| Total cost of sales | 14,898,977 | 16,249,314 | 17,684,671 | 19,215,760 | 19,839,244 | 20,525,077 | 21,279,493 | 22,109,350 | 23,022,193 | 24,026,321 |
| Gross Profit | 4,766,023 | 6,824,286 | 9,282,599 | 12,193,178 | 14,710,587 | 17,479,738 | 20,525,804 | 23,876,476 | 27,562,215 | 31,616,529 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 624,000 | 686,400 | 755,040 | 830,544 | 913,598 | 1,004,958 | 1,105,454 | 1,215,999 | 1,337,599 | 1,471,359 |
| Administration benefits expense | 93,600 | 102,960 | 113,256 | 124,582 | 137,040 | 150,744 | 165,818 | 182,400 | 200,640 | 220,704 |
| Electricity expense | 103,500 | 113,850 | 125,235 | 137,759 | 151,534 | 166,688 | 183,357 | 201,692 | 221,861 | 244,048 |
| Office refreshment expense | 120,000 | 132,000 | 145,200 | 159,720 | 175,692 | 193,261 | 212,587 | 233,846 | 257,231 | 282,954 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 120,000 | 132,000 | 145,200 | 159,720 | 175,692 | 193,261 | 212,587 | 233,846 | 257,231 | 282,954 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc.) | 93,600 | 102,960 | 113,256 | 124,582 | 137,040 | 150,744 | 165,818 | 182,400 | 200,640 | 220,704 |
| Promotional expense | 983,250 | 1,153,680 | 1,348,364 | 1,570,447 | 1,727,492 | 1,900,241 | 2,090,265 | 2,299,291 | 2,529,220 | 2,782,142 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 196,650 | 230,736 | 269,673 | 314,089 | 345,498 | 380,048 | 418,053 | 459,858 | 505,844 | 556,428 |
| Depreciation expense | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 43,910 | 43,910 | 43,910 | 43,910 | 43,910 |
| Amortization of pre-operating costs | 444,991 | 444,991 | 444,991 | 444,991 | 444,991 | - | - | - | - | - |
| Amortization of legal, licensing, and training costs | 2,800 | 2,800 | 2,800 | 2,800 | 2,800 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 2,814,091 | 3,134,077 | 3,494,714 | 3,900,933 | 4,243,077 | 4,183,855 | 4,597,849 | 5,053,243 | 5,554,177 | 6,105,203 |
| Operating Income | 1,951,932 | 3,690,209 | 5,787,885 | 8,292,245 | 10,467,510 | 13,295,883 | 15,927,954 | 18,823,232 | 22,008,039 | 25,511,325 |
| Gain / (loss) on sale of office equipment | - | - | - | - | 40,000 | - | - | - | - | |
| Gain / (loss) on sale of Furniture & Fixtures | - | - | - | - | - | - | 9,360 | - | - | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 1,951,932 | 3,690,209 | 5,787,885 | 8,292,245 | 10,507,510 | 13,295,883 | 15,937,314 | 18,823,232 | 22,008,039 | 25,511,325 |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 1,183,614 | 987,052 | 761,491 | 502,656 | 205,636 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 36,221 | 30,206 | 23,303 | 15,382 | 6,293 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 1,219,835 | 1,017,257 | 784,794 | 518,038 | 211,929 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 732,097 | 2,672,952 | 5,003,090 | 7,774,207 | 10,295,581 | 13,295,883 | 15,937,314 | 18,823,232 | 22,008,039 | 25,511,325 |
| Tax | 33,210 | 390,738 | 1,023,427 | 1,943,472 | 2,825,953 | 3,876,058 | 4,800,559 | 5,810,631 | 6,925,313 | 8,151,463 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **698,887** | **2,282,214** | **3,979,663** | **5,830,735** | **7,469,629** | **9,419,825** | **11,136,755** | **13,012,602** | **15,082,726** | **17,359,862** |

## 12.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Calculations** **SMEDA**

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 400,000 | 8,350 | 1,132,420 | 3,687,436 | 7,825,623 | 13,122,314 | 22,465,731 | 33,503,670 | 46,390,628 | 61,315,562 | 79,644,180 |
| Accounts receivable | | 215,507 | 234,184 | 274,197 | 319,870 | 361,418 | 397,560 | 437,316 | 481,047 | 529,152 | 582,067 |
| Equipment spare part inventory | 43,125 | 55,660 | 71,558 | 91,678 | 110,931 | 134,226 | 162,414 | 196,521 | 237,790 | 287,726 | - |
| Raw material inventory | 104,018 | 134,252 | 172,598 | 221,128 | 267,565 | 323,754 | 391,742 | 474,008 | 573,549 | 693,994 | - |
| Total Current Assets | 547,143 | 413,769 | 1,610,760 | 4,274,439 | 8,523,988 | 13,941,711 | 23,417,446 | 34,611,514 | 47,683,014 | 62,826,434 | 80,226,247 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 | 8,868,000 |
| Furniture & fixtures | 117,000 | 105,300 | 93,600 | 81,900 | 70,200 | 58,500 | 46,800 | 35,100 | 23,400 | 11,700 | - |
| Office equipment | 100,000 | 80,000 | 60,000 | 40,000 | 20,000 | 161,051 | 128,841 | 96,631 | 64,420 | 32,210 | - |
| Total Fixed Assets | 15,640,500 | 15,608,800 | 15,577,100 | 15,545,400 | 15,513,700 | 15,643,051 | 15,599,141 | 15,555,230 | 15,511,320 | 15,467,410 | 15,423,500 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 2,224,955 | 1,779,964 | 1,334,973 | 889,982 | 444,991 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | 14,000 | 11,200 | 8,400 | 5,600 | 2,800 | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 2,238,955 | 1,791,164 | 1,343,373 | 895,582 | 447,791 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **18,426,597** | **17,813,732** | **18,531,232** | **20,715,421** | **24,485,479** | **29,584,762** | **39,016,587** | **50,166,744** | **63,194,334** | **78,293,844** | **95,649,747** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 61,443 | 72,503 | 85,264 | 99,579 | 110,335 | 122,335 | 135,737 | 150,726 | 167,510 | 163,551 |
| Total Current Liabilities | - | 61,443 | 72,503 | 85,264 | 99,579 | 110,335 | 122,335 | 135,737 | 150,726 | 167,510 | 163,551 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 8,939,727 | 7,607,306 | 6,078,323 | 4,323,779 | 2,310,399 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 273,571 | 232,797 | 186,007 | 132,315 | 70,702 | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 9,213,299 | 7,840,103 | 6,264,330 | 4,456,094 | 2,381,102 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 | 9,213,299 |
| Retained earnings | | 698,887 | 2,981,101 | 6,960,765 | 12,791,500 | 20,261,128 | 29,680,953 | 40,817,708 | 53,830,310 | 68,913,036 | 86,272,898 |
| Total Equity | 9,213,299 | 9,912,186 | 12,194,400 | 16,174,063 | 22,004,798 | 29,474,427 | 38,894,252 | 50,031,007 | 63,043,608 | 78,126,334 | 95,486,196 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **18,426,597** | **17,813,732** | **18,531,232** | **20,715,421** | **24,485,479** | **29,584,762** | **39,016,587** | **50,166,744** | **63,194,334** | **78,293,844** | **95,649,747** |

## 12.3۔ گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Cash Flow Statement**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 698,887 | 2,282,214 | 3,979,663 | 5,830,735 | 7,469,629 | 9,419,825 | 11,136,755 | 13,012,602 | 15,082,726 | 17,359,862 |
| Add: depreciation expense | | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 31,700 | 43,910 | 43,910 | 43,910 | 43,910 | 43,910 |
| amortization of pre-operating costs | | 444,991 | 444,991 | 444,991 | 444,991 | 444,991 | - | - | - | - | - |
| amortization of training costs | | 2,800 | 2,800 | 2,800 | 2,800 | 2,800 | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | | (215,507) | (18,677) | (40,012) | (45,673) | (41,548) | (36,142) | (39,756) | (43,732) | (48,105) | (52,915) |
| Finished goods inventory | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Equipment inventory | (43,125) | (12,535) | (15,898) | (20,120) | (19,252) | (23,295) | (28,187) | (34,107) | (41,269) | (49,936) | 287,726 |
| Raw material inventory | (104,018) | (30,234) | (38,346) | (48,530) | (46,437) | (56,189) | (67,988) | (82,266) | (99,542) | (120,445) | 693,994 |
| Accounts payable | | 61,443 | 11,059 | 12,761 | 14,315 | 10,756 | 12,000 | 13,403 | 14,988 | 16,784 | (3,959) |
| Cash provided by operations | (147,143) | 981,545 | 2,699,843 | 4,363,252 | 6,213,179 | 7,838,844 | 9,343,417 | 11,037,939 | 12,886,958 | 14,924,934 | 18,328,618 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (1,332,421) | (1,528,984) | (1,754,544) | (2,013,380) | (2,310,399) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (40,774) | (46,790) | (53,692) | (61,613) | (70,702) | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 8,939,727 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 273,571 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 9,213,299 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 18,426,597 | (1,373,195) | (1,575,773) | (1,808,236) | (2,074,992) | (2,381,102) | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (17,879,455) | - | - | - | - | (161,051) | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (17,879,455) | - | - | - | - | (161,051) | - | - | - | - | - |
| **NET CASH** | **400,000** | **(391,650)** | **1,124,070** | **2,555,016** | **4,138,186** | **5,296,691** | **9,343,417** | **11,037,939** | **12,886,958** | **14,924,934** | **18,328,618** |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| نقل وحمل کے اخراجات | 10,000 ماہانہ |
| دفتری اخراجات | انتظامی اخراجات کا 15 فیصد |
| بجلی کی قیمت میں شرح اضافہ | 10 فیصد |
| اجرت میں اضافے کی شرح | 10 فیصد |

### 13.2۔ پیداواری مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| امونیا این ایچ 3 کا استعمال (پاؤنڈ) بلاک | 11 روپے |
| این اے سی ایل کا استعمال کلوگرام/ برف کا بلاک | 45 روپے |
| این اے سی ایل ری پیلشمنٹ چارجز | 0.30 روپے |
| کمپریسر آئل (ڈرم) آئس بلاک | 4 روپے |
| خام مال کی لاگت فی بلاک | 60.30 روپے |
| خام مال کی لاگت میں شرح اضافہ | 10 فیصد |

### 13.3۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قیمت فروخت میں شرح اضافہ | 10 فیصد |
| اے گریڈ کی شرح | 80 فیصد |
| بی گریڈ کی شرح | 20 فیصد |
| قابل عمل دن/ سال | 345 |

## 13.4۔ مالیاتی مفروضات

| تفصیلات | مندرجات |
|---|---|
| 10سال | منصوبہ کی مدت (سال) |
| 9,213,299 | قرض |
| 9,213,299 | ذاتی سرمایہ |
| 14فیصد | قرض پر شرح منافع |